جناب عدنان آفریدی صاحب مینیجنگ ڈائریکٹر نیشنل انوسٹمنٹ ٹرسٹ لمیٹڈ۔

جناب عدنان آفریدی صاحب 21 مارچ 2019ء کو جنرل پبلک کی نمائندگی کرتے ہوئے، ماری پٹرولیم کمپنی لمیٹڈ کے بورڈ پر انڈیپنڈنٹ اور نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز منتخب ہوئے اور آپ آڈٹ کمیٹی کے رُکن بھی ہیں۔

آپ نے 1992ء میں ہاورڈ یونیورسٹی سے اکنامکس میں ڈگری حاصل کی اور 1995ء میں ہاورڈ لا سکول سے کارپوریٹ لا میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔

آفریدی صاحب نیشنل انوسٹمنٹ ٹرسٹ لمیٹڈ میں 21 فروری 2019ء سے بطورِ مینیجنگ ڈائریکٹر اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

علاوہ ازیں آپ فنانس اور مینجمنٹ کی فیلڈ میں 24 سال کا وسیع تجربہ بھی رکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ دوسرے اداروں میں بھی عالی عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں جن میں قابلِ ذکر MD کراچی سٹاک ایکسچینج، CEO اور سینئر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، چیئرمین نیشنل کلیئرنگ کارپوریشن آف پاکستان ہیں اور آفریدی صاحب سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی، سِلک بنک لمیٹڈ اور گُل احمد ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ کے بورڈ کے رکن بھی رہ چکے ہیں۔

آپ درج ذیل اداروں کے بورڈ کے رکن بھی ہیں۔

بنک الحبیب لمیٹڈ	انٹرنیشنل انڈسٹریز لمیٹڈ
بلک ٹرانسپورٹ کمپنی پرائیویٹ لمیٹڈ	کڈنی سینٹر انسٹیٹیوٹ
ایس ای سی پی پالیسی بورڈ	